# 27-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیرفینانس نرملا سیتارمن سال 26-2025ء کے تحت یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کریں گے۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ مرکز کی سرکاری اسکیمات میں تبدیلی کی گئی تب مرکزی حکومت خاموش نہیں بیٹھے گی۔

۳۔تلنگانہ کی آر ٹی سی یونینوں نے 9 فروری سے ریاست گیر ہڑتال شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو اور وزیر ثقافت گجیندر رسنگھ شیکھاوت نے نئی دہلی میں ویویوز بازار، واہ استاد چیالنج اور ویویوز ایوارڈس کا آغاز کیا۔

○○

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہونے پر کانگریس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔انہوں نے بی آر ایس کے حکومت میں ایک دہائی کے دوران تلنگانہ کے تعلیم کے شعبہ میں ہوئی پیشرفت کو اجاگر کیا۔طلبہ تنظیم کی سال نو کی ڈائری اور کیلنڈر کو آج تلنگانہ بھون میں جاری کرنے کے بعد خطاب کرنے کے بعد کے ٹی آر نے بی آر ایس حکومت میں تعلیمی انفرا اسٹرکچر کو مستحکم بنانے کے علاوہ دیگر اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی اور کہا کہ گروکل اسکولوں کی تعداد 294 سے بڑھا کر ایک ہزار کی گئی جبکہ ریاست میں بی آر ایس حکمرانی میں 5 نئے میڈیکل کالجوں کے علاوہ ہر ضلع کے لئے ایک میڈیکل اور نرسنگ کالج قائم کیا گیا۔سابق وزیر نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کانگریس پارٹی بے بنیاد وعدے کررہی ہے اور جھوٹا پروپگنڈہ پھیلا رہی ہے۔

○○

مملکتی وزیر برائے داخلی امور بنڈی سنجے کمار نے اِس بات کو دہرایا ہے کہ اگر پردھان منتری آواز یوجنا اور غریب کلیان یوجنا جیسی مرکز کی فلاحی اسکیمات کو ریاستی حکومت کی جانب سے تبدیل کیا جاتا ہے تب مرکزی حکومت خاموش نہیں رہے گی۔انہوں نے کہا کہ اگر مرکزی اسکیمات میں تبدیلیاں کی گئیں تب مرکز، ریاستی حکومت کو نظرانداز کرتے ہوئے اپنی اسکیمات کو راست طور پر نافذ کرے گا۔ناپملی میں واقع بی جے پی کے ریاستی ہیڈ کوارٹرس پر آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے ریاستی حکومت کو مشورہ دیا کہ اِس طرح کی کسی بھی صورتحال کو نظرانداز کرے۔انہوں نے یقین دلایا کہ مرکزی اسکیمات کو نافذ کئے جانے کے دوران کسی بھی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔سنجے نے پدما ایوارڈس کے لئے نامزدگیوں کے طریقہ کار بھی تنقید کی اور ریاستی حکومت پر زور دیا کہ اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مستحق امیدواروں کے نام کی بھی سفارش ہوسکے۔

○○

مرکزی وزیرفینانس نرملا سیتارمن سال برائے 26-2025ء کا مرکزی بجٹ آئندہ ماہ کی پہلی تاریخ کو پیش کریں گی۔مجوزہ بجٹ کے ذریعہ حکومت کی اقتصادی ترجیحات اور مالی حکمتِ عملیوں پر توجہ دی جائے گی تاکہ گھریلو اور عالمی چیلنجز سے نمٹا جاسکے۔ماہرین اور عوام کو اس مرتبہ یہ توقع ہے کہ حکومت کی جانب سے ملازمتوں کے مواقعوں میں اضافہ اور مالی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔مرکزی بجٹ کی پیش کشی کے پیش نظر آکاش وانی نیوز کی جانب سے ماہرین اور عوام کی توقعات کو سامنے لایا جائے گا۔

OO

ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج مرکز میں زیر اقتدار بی جے پی پارٹی پر الزام عائد کیا کہ وہ پوشیدہ ایجنڈہ پر عمل پیرا ہے تا کہ دستور کو بدلا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ تاہم اس طرح کی کوششوں کو مکمل طاقت کے ساتھ ختم کر دیا جائے گا۔کانگریس کے سینئر لیڈر ریونت ریڈی، مدھیہ پردیش کے شہر مہو میں موجود ہیں جیسا کہ یہ ہندوستانی دستور کے معمار ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کا پیدائشی مقام ہے۔ریونت ریڈی نے وہاں جئے باپو۔ جئے بھیم۔ جئے سمودھان ریالی میں شرکت کی جس کا اہتمام کانگریس پارٹی کی مرکزی قیادت کی جانب سے کیا گیا۔سی ایم نے میڈیا کے نمائندوں سے کہا کہ مہو کے مقام پر پارٹی قیادت جمع ہوئی ہے تا کہ اسی طاقت کے ساتھ دستور کو بچانے کی کوشش کی جارہی ہے جیسا کہ بی جے پی کی جانب سے کی جاتی ہے۔انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ بی جے پی امبیڈکر کی توہین کررہی ہے اور تحفظات کے نظام کو ختم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، تاہم یہ ملک کے حق میں بہتر نہیں ہے۔

OO

سپریم کورٹ نے فون ٹائپنگ معاملہ میں 10 ماہ سے جیل میں قید اور معطل شدہ تریپورہ کے اڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کو آج ضمانت جاری کردی۔عدالت نے ریاستی حکومت کے اِس اعتراف پر یہ فیصلہ دیا کہ چارج شیٹ داخل کی جاچکی ہے جبکہ تحقیقات کا عمل مزید چار ماہ میں مکمل کئے جانے کی توقع ہے۔اپیکس عدالت نے اِس شرط پر ان کی ضمانت منظور کی کہ ملزم کو مقدمہ کے دوران مکمل تعاون کرنا ہوگا اور کسی بھی طرح کی تاخیر کے علاوہ اپنی آزادی کے غلط استعمال سے بچنے اور گواہوں پر اثر انداز نہ ہونے پائے۔بصورت دیگر ان کی ضمانت منسوخ کردی جائے گی۔جسٹس بی وی ناگارتنا اور جسٹس ستیش چندرا شرما پر مشتمل ایک بنچ نے اس معاملہ کی سماعت کی۔

OO

اطلاعات ونشریات کے مرکزی اشونی ویشنو اور وزیر ثقافت گجیند رسنگھ شیکھاوت نے آج نئی دہلی میں ویویو بازار، واہ استاد چیالنج اور ویویوز ایوارڈس کا آغاز کیا۔اس موقع پر ویشنو نے کہا کہ ہندوستان اپنی تہذیب، ثقافت اور کہانیاں بیان کرنے کے معاملہ میں عالمی سطح پر کافی اہمیت کا حامل بنتا جارہا ہے۔انہوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ ملک جلد ہی اختراعی معیشت کا دارالحکومت بن جائے گا۔گجیند رسنگھ شیکھاوت نے کہا کہ ہندوستان، کہانیاں بیان کرنے والوں کی زمین ہے جبکہ آج شروع کئے گئے مذکورہ اقدامات سے ملک، دنیا بھر میں اپنا سافٹ پاور لا رہا ہے۔اطلاعات و نشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ ویویو بازار ایک تبدیلی پر مشتمل اقدام ہے جس سے میڈیا سے متعلق مواد کے سلسلہ میں خریدنے اور فروخت کرنے والے افراد ایک دوسرے کے قریب آسکتے ہیں۔

OO

تلنگانہ آر ٹی سی یونینوں نے 9 فروری سے ریاست گیر احتجاج کرنے کا اعلان کیا ہے۔اس سلسلہ میں آر ٹی سی ورکرس نے کارپوریشن کے منیجنگ ڈائرکٹر وی سی سجنار کو آج حیدرآباد میں واقع بس بھون میں ہڑتال کی نوٹس حوالہ کی۔آر ٹی سی یونینوں نے، آر ٹی سی ملازمین کے ساتھ حکومت کے رویہ سے ناراض ہیں اور کہا کہ اگر حکومت آنے والے دنوں میں ان کے مطالبات کو پورا نہیں کرتی ہے تب ہڑتال بڑے پیمانے پر کی جائے گی۔پچھلے پانچ سال کے دوران یہ پہلا موقع ہے جب آر ٹی سی کی یونینوں کی جانب سے ہڑتال کی جارہی ہے۔

○○

حسین ساگر جھیل میں کل شب کشتیوں میں لگی آگ اور آتشبازی کے واقعہ کے ضمن میں سکریٹریٹ پولیس نے کیس درج کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق بھارت ماتا مہاہراتی تقاریب کے دوران منتظمین کی جانب سے ایک کشتی اور ایک پلیٹ فارم تیار کیا گیا تھا اس موقع پر آتش بازی کی جارہی تھی اور اتفاقاً ایک پٹاخہ کشتی میں جا گرا جس میں آتش بازی کا دیگر سامان تھا۔اس بنا پر ایک دھماکہ ہوا اور کشتی میں آگ لگ گئی۔

○○

کریم نگر کے ایم پی نے حکومت سے سوال کیا کہ آنجہانی انقلابی لیڈر غدر کے لئے پدما ایوارڈ کی سفارش کیوں کی گئی جبکہ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ غدر کی وجہ سے نکسلائٹس نے کئی لوگوں کو ہلاک کیا۔

○○

وزیر اعظم نریندر مودی کل اتراکھنڈ کے شہر دہرادون میں واقع مہارانا پرتاپ اسٹیڈیم میں 38 ویں قومی کھیلوں کا افتتاح کریں گے۔ اِس افتتاحی تقریب میں مختلف مہمانوں کے علاوہ مرکزی وزرا، انڈین اولمپک اسوسی ایشن اور مختلف کھلاڑی شرکت کریں گے۔انڈین اولمپک اسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا کی آمد پر ریاست کی وزیر اسپورٹس آج دہرادون کے ایرپورٹ پر ان کا استقبال کیا۔

○○